Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.__________

Sig. of Candidate __________

Sig. of Invigilator.__________

StudentBounty.com

# اُردو(لازمی) ایس ایس سی-II

(Revised Syllabus)

حصہ اوّل (کُل نمبر:15)

وقت: 20منٹ

**نوٹ:** حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) محمود نظامی کے مقالے کے بعد مرزا محمد سعید پر کس نے تنقید کی؟

الف۔ ڈاکٹر تاثیر ب۔ پطرس بخاری ج۔ فیض احمد فیض د۔ حمید احمد خاں

(ii) 'مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ' کے مصنف نے کس مصیبت کو فقیر کے لیے نعمت تصور کیا ہے؟

الف۔ روٹی کی محتاجی ب۔ دوست نہ ہونا ج۔ غریب الوطنی د۔ بھیک مانگنا

(iii) سبق 'مُلمّع' کس کی تحریر ہے؟

الف۔ خدیجہ مستور ب۔ ہاجرہ مسرور ج۔ سجاد حیدر یلدرم د۔ اشرف صبوحی

(iv) چغل خور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کا جسم کیسا ہو جاتا ہے؟

الف۔ نمکین ب۔ میٹھا ج۔ کھٹا د۔ کڑوا

(v) سبق 'نام دیو مالی' کے مصنف نے کس چیز کو بے کار کہا ہے؟

الف۔ جبری مشقت ب۔ بے مزہ کام ج۔ محض حکم کی تعمیل د۔ ڈر کر کام کرنا

(vi) علی بخش کے مطابق ڈاکٹر اقبالؒ کی پسندیدہ خوراک کیا تھی؟

الف۔ پلاؤ ب۔ سیخ کباب ج۔ پلاؤ اور سیخ کباب د۔ چپلی کباب اور زردہ

(vii) استنبول کا فاتح کون تھا؟

الف۔ حضرت ابوایوب انصاریؓ ب۔ سلطان محمد فاتح ج۔ مراد ثانی د۔ محمد ثانی

(viii) سبق 'مرزا محمد سعید' کس ادیب کی تحریر ہے؟

الف۔ نذیر احمد دہلوی ب۔ شاہد احمد دہلوی ج۔ اشرف صبوحی د۔ مولوی عبدالحق

(ix) شامل نصاب نعت کے متن کے مطابق اب انسان کو کس کا عرفان حاصل ہوگا؟

الف۔ خدا تعالیٰ کا ب۔ حقائق کا ج۔ کائنات کا د۔ انسان کا

(x) مرزا غالبؔ کو تفتہ کا خط کہاں سے آتا تھا؟

الف۔ کلکتہ ب۔ سکندر آباد ج۔ کول د۔ آگرہ

(xi) فراق گورکھپوری کی شامل نصاب غزل ان کے کس مجموعے سے لی گئی ہے؟

الف۔ شعلۂ ساز ب۔ روحِ کائنات ج۔ اندازے د۔ شبنمستان

(xii) اداؔ جعفری کی شامل نصاب غزل کے پہلے شعر میں "چلے" کو کیا کہیں گے؟

الف۔ مطلع ب۔ ردیف ج۔ قافیہ د۔ مقطع

(xiii) گرداب پر تھا شعلۂ جوالہ کا گماں انگارے تھے حباب تو پانی شرر فشاں

درج بالا شعر میں کون سی شعری صنعت استعمال ہوئی ہے؟

الف۔ صنعتِ مبالغہ ب۔ صنعتِ ایہام ج۔ صنعتِ تضاد د۔ صنعتِ حسن تعلیل

(xiv) نظم کے لغوی معنی کیا ہیں؟

الف۔ تنظیم ب۔ ترتیب ج۔ مربوط د۔ الف اور ب دونوں

(xv) ایسی صنفِ نثر جس میں کسی شخص کی زندگی کے کچھ پہلوؤں کو نمایاں کیا جائے تاکہ اس کا تعارف بھی ہو جائے مگر وہ سوانح نہ ہو __________ کہلاتی ہے۔

الف۔ افسانہ ب۔ خاکہ ج۔ ناول د۔ سوانح عمری

---

برائے ممتحن: کُل نمبر: 15 حاصل کردہ نمبر: ____

www.StudentBounty.com

8

# اُردو (لازمی) ایس ایس سی -II

(Revised Syllabus)

وقت: 2:40 گھنٹے — کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم 60

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصّہ دوم (کُل نمبر 35)

سوال نمبر۲: الف: نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے پندرہ (15) اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (15x2=30)

(i) مرزا محمد سعید کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟

(ii) نام دیو مالی نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا؟

(iii) رشید احمد صدیقی نے ڈاکٹر محمد حسن کو ارسال کردہ خط میں کس بات کا شکریہ ادا کیا؟

(iv) توپ کاپی میوزیم کا تعارف مختصر الفاظ میں کرائیے۔

(v) کسان نے چغل خور کو کن شرائط پر ملازم رکھا؟

(vi) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

(vii) ' مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ ' کے مصنف پر فقیر نے کیا اثر کیا؟

(viii) عید الفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

(ix) انسان کو کس فطرت پر پیدا کیا گیا ہے؟ (بحوالہ شاملِ نصاب حمد)

(x) شاملِ نصاب نعت میں شاعر احسان دانش کے نزدیک حضورؐ کا پیغام کیا ہے؟

(xi) نظم 'کسان' کے شاعر نے نبضِ خاک پر انگلیاں رہنے کو کس پیرائے میں بیان کیا ہے؟

(xii) '' جھیل گئے دکھ جھیلنے والے ، اب ہے کام ہمارا '' اس مصرعے کا مفہوم بیان کریں۔

(xiii) جگرؔ مراد آبادی کی شاملِ نصاب غزل کے مطلع میں کس حقیقت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

(xiv) فراقؔ گورکھپوری نے اپنی شاملِ نصاب غزل میں سر اور دل میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا ہے؟

(xv) مندرجہ ذیل تراکیب کا مفہوم واضح کریں:

راحت فزا ، بارگاہِ عطا

(xvi) '' ماں کہتی ہے میرا چاند آیا ''۔ اس جملے میں ارکانِ استعارہ کی نشاندہی کریں۔

(xvii) مرکب تابع مہمل کی تعریف کریں اور تین مثالیں تحریر کریں۔

(xviii) درج ذیل جملے کی ترکیب نحوی کریں:

''سعید گھر میں موجود ہے۔''

(xix) مطلع کی تعریف کریں۔

ب۔ '' نااتفاقی کا انجام '' کے موضوع پر کہانی تحریر کریں۔ (5)



www.StudentBounty.com

# حصہ سوم (کُل نمبر 25)

**سوال نمبر۳:** **سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کیجیے:** **(1/2+1/2+4=5)**

الف۔ لیکن خواجہ صاحب کے اصرار پر وہ میرے ساتھ ایک آدھ روز کے لیے جھنگ چلنے پر آمادہ ہو جاتا ہے۔ جب وہ میرے ساتھ کار میں بیٹھ جاتا ہے تو غالباً اس کے دل میں سب سے بڑا وہم یہ ہے کہ شاید اب مَیں بھی بہت سے دوسرے لوگوں کی طرح علامہ اقبالؒ کی باتیں پوچھ پوچھ کر اس کا سر کھپاؤں گا لیکن مَیں نے بھی عزم کر رکھا ہے کہ مَیں خود علی بخش سے حضرت علامہ کے بارے میں کوئی سوال نہیں کروں گا۔ اگر واقعی وہ علی بخش کی زندگی کا ایک جزو ہیں، تو یہ جوہر خود بخود عشق اور مُشک کی طرح ظاہر ہو کر رہے گا۔

ب۔ مرزا صاحب کی زندگی بڑی سیدھی سادی تھی۔ کرّ و فر یا ٹھاٹ باٹ سے کبھی نہیں رہے۔ گھر کی سواری ہم نے ان کے پاس کبھی نہیں دیکھی۔ معدے کے مریض تھے۔ پیدل زیادہ چلتے تھے۔ صبح ٹہلنے ضرور جاتے تھے۔ رات کو جلدی سو جاتے تھے۔ کھیل، تماشے، سینما، تھیٹر کچھ نہیں دیکھتے تھے۔ خدا کے فضل سے گھر کا آرام انھیں میسر تھا۔ اُن کی بیگم بھی ادبی ذوق رکھتی تھیں۔ دو ایک ناول ان کے بھی شائع ہو چکے ہیں۔ اولاد سعادت مند، بیوی سلیقہ شعار، پنشن اتنی کہ بڑھاپے میں کسی کی محتاجی نہیں۔ کھانا سادہ، لباس سادہ، رہن سہن سادہ، پھر احتیاج ہو تو کس بات کی؟

**سوال نمبر۴:** **شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کیجیے:** **(1/2+1/2+4=5)**

الف۔
وہ لُو، وہ آفتاب کی حِدّت، وہ تاب و تب
کالا تھا رنگ دھوپ سے دن کا مثالِ شب
خود نہرِ علقمہ کے بھی سُوکھے ہوئے تھے لب
خیمے جو تھے حبابوں کے، تپتے تھے سب کے سب
اُڑتی تھی خاک، خشک تھا چشمہ حیات کا
کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فُرات کا

ب۔
بچھڑے ہوؤں کو بکھرے ہوؤں کو اک مرکز پر لایا
کتنے ستاروں کے جُھرمٹ میں سورج بن کر آیا
سب محنت کش گلے ملے اور اُبھرا اک پیغام
اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام
پاکستان پاکستان ۔ ۔ ۔ جیوے پاکستان

**سوال نمبر۵:** **شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو اشعار کی تشریح کیجیے:** **(1/2+1/2+2+2=5)**

الف۔
نازک تھے کہیں رنگِ گل و بُوئے سمن سے
جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

ب۔
بھول جاتا ہوں میں ستم اُس کے
وہ کچھ اس سادگی سے مِلتا ہے

ج۔
ترے رُتبہ دانِ محبت کی حالت
ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

**سوال نمبر۶:** **دیے گئے اشارات کی مدد سے کسی ایک موضوع پر ڈھائی سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیں:** **(10)**

الف۔ علامہ محمد اقبالؒ

(i) تعارف
(ii) ابتدائی ، ثانوی اور اعلیٰ تعلیم
(iii) عملی زندگی، سیاست میں شمولیت اور سیاسی خدمات
(iv) اقبالؒ بحیثیت شاعر ۔ منفرد انداز و کلام
(v) مسلمانوں میں بیداری اور شعور و آگہی کا نقیب

ب۔ تندرستی ہزار نعمت ہے۔

(i) تندرستی گراں بہا نعمت ہے۔
(ii) تندرستی۔ تنگدستی سے کشادگی اور ناکامی سے کامیابی کی راہ ہموار کرتی ہے۔
(iii) اعلیٰ ذہنی و دماغی صلاحیتوں کے لیے اچھی صحت ضروری ہے۔
(iv) اچھی صحت کے لیے ورزش اور جسمانی مشقت ضروری ہے۔
(v) اعلیٰ ذہنی و جسمانی صلاحیتوں کا مثبت اور تعمیری استعمال۔



www.StudentBounty.com

Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. 9

Sig. of Candidate ________________

Sig. of Invigilator. ________________

# اُردو (لازمی) ایس ایس سی-II

**(Old Syllabus)** حصہ اوّل (کُل نمبر:15) وقت: 20 منٹ

**نوٹ:** حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) حضرت عمر فاروقؓ نے ممالک مقبوضہ کو کتنے صوبوں میں تقسیم کیا؟
الف۔ سات ب۔ آٹھ ج۔ نو د۔ دس

(ii) کانگریس نے نہرو رپورٹ کس سال شائع کی؟
الف۔ 1926ء ب۔ 1927ء ج۔ 1928ء د۔ 1929ء

(iii) کس شاعر کی طبیعت میں سلامت روی کا جوہر تھا؟
الف۔ شیخ امام بخش ناسخ ب۔ محمد خان رند ج۔ حیدر علی آتش د۔ مرزا محمد رضا برق

(iv) یورپ اور افریقہ کے درمیان کون سا سمندر حائل ہے؟
الف۔ بحیرۂ قلزم ب۔ بحیرۂ روم ج۔ بحیرۂ اسود د۔ بحیرۂ عرب

(v) سبق ' ایثار ' کس کتاب سے لیا گیا ہے؟
الف۔ سرراہے ب۔ چراغ تلے ج۔ توبۃ النصوح د۔ آبِ حیات

(vi) الفاظ کو حسین انداز میں مکرر یعنی بار بار استعمال کرنا شاعری میں کیا کہلاتا ہے؟
الف۔ صنعتِ تضاد ب۔ صنعتِ لف ونشر ج۔ صنعتِ حُسنِ تکرار د۔ صنعتِ مراعات النظیر

(vii) فراقؔ گورکھپوری نے اپنی شاملِ نصاب غزل میں عشق کو کیا قرار دیا ہے؟
الف۔ توفیق ب۔ نعمت ج۔ رحمت د۔ گناہ

(viii) نظم ' شانِ تقویٰ ' میں ''ہنگامِ وغا'' سے کیا مُراد ہے؟
الف۔ جنگ کا وقت ب۔ جنگ کا میدان ج۔ طبلِ جنگ د۔ جنگ کا سامان

(ix) ماہرالقادری کے خیال میں آپؐ نے تہذیب و تمدن کو کیا کر دیا؟
الف۔ ترقی یافتہ ب۔ جدید ج۔ مہذب د۔ مؤدب

(x) کس شاعر کے شاگرد اکثر بے روزگاری کی شکایت کرتے تھے؟
الف۔ مرزا غالبؔ ب۔ خواجہ حیدر علی آتشؔ ج۔ سید انشاؔ د۔ ابراہیم ذوقؔ

(xi) ایسا حرف جو دو جملوں کو آپس میں جوڑ دے کیا کہلاتا ہے؟
الف۔ حرفِ جزا ب۔ حرفِ موصولہ ج۔ حرفِ ربط د۔ حرفِ عطف

(xii) '' اسے مارا گیا '' یہ فعل کی کون سی قسم ہے؟
الف۔ فعل متعدی ب۔ فعل لازم ج۔ فعل مجہول د۔ فعل معروف

(xiii) '' مرقع کھینچنا '' قواعد کی رُو سے کیا ہے؟
الف۔ محاورہ ب۔ روزمرّہ ج۔ تلمیح د۔ کہاوت

(xiv) '' شمس العلماء '' اسم علم کی کون سی قسم ہے؟
الف۔ لقب ب۔ عُرف ج۔ خطاب د۔ تخلّص

(xv) ہر شعر کے آخر میں جوں کے توں دہرائے جانے والے الفاظ یا لفظ کو کیا کہتے ہیں؟
الف۔ مطلع ب۔ مقطع ج۔ ردیف د۔ قافیہ

---

برائے ممتحن: کُل نمبر : 15 حاصل کردہ نمبر: ____

www.StudentBounty.com

10

# اُردو (لازمی) ایس ایس سی -II

**(Old Syllabus)**

وقت: 2:40 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 35)

**سوال نمبر۲: الف: نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے پندرہ (15) اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں۔** (15x2=30)

(i) جنگِ عظیم اوّل کے بعد انگریزوں نے ترکی سے کیا سلوک کیا؟

(ii) ' مسدس ' پر سب سے زیادہ اعتراضات کن لوگوں نے کیے اور اُن کا کیا نتیجہ نکلا؟

(iii) عبدالحلیم شرر کی رائے میں سفر کے حوالے سے تجربہ کار لوگ ناتجربہ کاروں پر کیسے اثر انداز ہوتے ہیں؟

(iv) سگو نے بیگم تراب علی کا کیا نام رکھا اور اس کے معنی کیا ہیں؟

(v) پروفیسر حبیب اللہ خان غضنفر کا حلیہ بیان کیجیے۔

(vi) وضاحت کیجیے: "نیش عقرب سے ہر شخص کو مارِ آستین کی طرح ڈرنا چاہیے"۔

(vii) ہوٹل میں مُصنّف اور صاحب بہادر کا پورج کھانے کا واقعہ بیان کیجیے۔

(viii) سبق ' کرکٹ ' کے حوالے سے بتایئے کہ مرزا نے زور سے ہٹ لگانے کا کیا طریقہ بتایا؟

(ix) مرزا غالب نے رام پور کی تعریف کن الفاظ میں کی ہے؟

(x) نعت ' محسنِ انسانیت ' میں " شافعِ محشر " اور " ساقیٔ کوثر " کے القابات کس بنا پر استعمال ہوئے ہیں؟

(xi) نظم ' طلوعِ اسلام ' میں مسلمان کو "کوہ و بیاباں" اور "گلستاں" سے گزرنے کا کیا طریقہ بتایا گیا ہے؟

(xii) نظم ' شانِ تقویٰ ' کے حوالے سے بتایئے کہ شاہ مظفر کون تھے اور کیوں مشہور تھے؟

(xiii) نظم ' گھروں کے نام ' میں " خانۂ ویراں " اور " حریمِ ناز " سے کیا مراد ہے؟

(xiv) حُسن کو دل میں چھپانے اور دھیان کی شمع جلانے کا مفہوم کیا ہے؟

(xv) ' اَن ' اور ' گار ' کے سابقے اور لاحقے سے ایک ایک لفظ بنایئے۔

(xvi) **کنیت** اور **عرف** کی تعریف کیجیے اور ایک ایک مثال دیجیے۔

(xvii) ' چڑیا نے دانہ کھایا ' اس جملے کی ترکیب لکھیے۔

(xviii) " **دسوں انگلیاں دسوں چراغ** " اور " **کوئی دم کا مہمان ہونا** " کے جملے بنایئے۔

(xix) پروانے کو چراغ ہے ، بلبل کو پھول بس! صدیقؓ کے لیے ہے خدا کا رسول بس!
درج بالا شعر میں **قافیہ** اور **ردیف** کی نشاندہی کیجیے۔

ب۔ فوڈ کنٹرولر کے نام راشن ڈپو میں ہونے والی بدعنوانیوں کے خلاف درخواست لکھیے۔ (5)



www.StudentBounty.com

## حصہ سوم (کُل نمبر 25)

**سوال نمبر ۳: سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کیجیے:** **(1/2+1/2+4=5)**

الف۔ اس کے بعد کسی شخص نے مجھے رہٹ کھینچتے ہوئے نہیں دیکھا اور حوض کا پانی کبھی کم نہیں ہوا۔ اس پر بعض لوگوں میں سرگوشیاں اور بعض میں چہ میگوئیاں بھی ہوئیں، کوئی کہتا تھا کہ یہ عامل ہے کوئی بنکارتا تھا کہ اس کے تابع ہمزاد ہے ورنہ یہ کام کرتا تو اسے بھی رَتا کی طرح مر جانا چاہیے تھا۔ اس کے پاس تو کوئی اوپری ہی طاقت ہے، یہ تو برائے نام مزدوری کرتا ہے۔

ب۔ صفیہ شوہر کے پاس سے ایک خفیف بخار دل میں لے کر اٹھی تھی مگر کمرے تک پہنچتے پہنچتے بلبلا گئی اور اس خیال کے آتے ہی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ جانتی تھی کہ آنکھوں میں آنسوؤں کے قطرے تیر رہے ہیں اور چاہتی تھی کہ اس حالت کو ظاہر نہ ہونے دے مگر اس جذبۂ محبت نے جو ممتا کی آغوش میں پلا تھا بے قابو کر دیا اور بچی کی صورت دیکھنے کو منہ پھیرا۔ ایک ساکت مجسمہ تھا جو رضیہ کی صورت میں گم صم باپ کے سامنے بیٹھا زمین کو دیکھ رہا تھا۔

**سوال نمبر ۴: شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نظم پارے کی تشریح کیجیے:** **(1/2+1/2+2+2=5)**

الف۔
تو عقلمند با اُصول و مُستقل مزاج ہے
تجھے ہے پاس قوم کا ، وطن کی تجھ کو لاج ہے
وطن کی تجھ کو لاج ہے
قدم مِلا کے چل
ادائے فرض کے لیے

ب۔
گو حکم تیرے لاکھوں یاں ٹالتے رہے ہیں
لیکن ٹلا نہ ہرگز، دل سے خیال تیرا
پھندے سے تیرے کیوں کر ، جائے نکل کے کوئی
پھیلا ہوا ہے ہرسُو ، عالم میں جال تیرا

**سوال نمبر ۵: شاعر کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے دو اشعار کی تشریح کیجیے:** **(1/2+1/2+2+2=5)**

الف۔
مرا غنچۂ دل ہے وہ دل گرفتہ
کہ جس کو کِسو نے کبھو وا نہ دیکھا

ب۔
ابن مریم ہوا کرے کوئی
میرے دُکھ کی دَوا کرے کوئی

ج۔
ہے یہ دُنیا عمل کی جولاں گاہ
میکدہ اور خانقاہ نہیں

**سوال نمبر ۶: دیے گئے اشارات کی مدد سے ڈھائی سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیں:** **(10)**

الف۔ محنت کی برکتیں

(i) محنت ہمارا مذہبی فریضہ ہے۔ (ii) محنت انبیاؑ کی میراث ہے۔
(iii) تاریخ سے محنت کی عظمت کی مختلف مثالیں اور حوالے
(iv) محنت صحت کا راز بھی ہے۔ (v) محنت ایک نسخۂ کیمیا ہے۔

ب۔ عیدین

(i) عید کا مفہوم اور مقصد
(ii) عید الفطر رمضان المبارک کے پس منظر میں منائی جاتی ہے۔
(iii) عید الاضحٰی حضرت ابراہیمؑ کی قربانی کے تناظر میں منائی جاتی ہے۔
(iv) عیدین کی چہل پہل اور گہما گہمی دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔
(v) عید کی حقیقی خوشیاں محتاجوں کی مدد کر کے حاصل ہوتی ہیں۔

----- 2SA 1403 -----



www.StudentBounty.com